ٹینڈر فیس مبلغ 1000 -/ (نا قابل واپسی)

ٹینڈر دستاویز

برائے حصول بک شاپ کرایہ داری،

این بی ایف، شہر کتاب، ایف سیون مرکز،

اسلام آباد

نیشنل بک فاؤنڈیشن

اسلام آباد

نیشنل بک فاؤنڈیشن نے اپنے پلاٹ واقع ایف سیون مرکز، اسلام آباد میں "شہر کتاب" کے نام سے کتاب کلچر وعادات مطالعہ کے فروغ کے لئے قائم کیا ہے جہاں مختلف بک اسٹالز بنائے گئے ہیں۔اس شہر کتاب میں آنے والے شائقین کتب اور عام قارئین کو رعایتی نرخوں پر کتابیں واسٹیشنری وغیرہ فروخت کی جاتی ہیں۔اس شہر کتاب میں 08 عدد بک شاپس نمبر 3,4,6,7,16,17,18,19 عرصہ تین سال کے لئے کرایہ پر دستیاب ہیں۔ ٹینڈر کے شرائط و ضوابط اور Evaluation Criteria درج ذیل بیان کیا جاتا ہے:۔

شرائط و ضوابط اور Evaluation Criteria

1) مذکورہ بالا بک شاپس عرصہ تین سال کے لئے کرایہ پر دی جائیں گی۔
2) بک شاپس کا کم از کم فی بک شاپ ماہانہ کرایہ مبلغ -/17،000 روپے ہوگا تاہم اس سے زیادہ کرائے کی پیشکش کو ترجیح دی جائے گی۔
3) کامیاب بولی دہندہ تین ماہ کے کرائے کے برابر بطور سیکورٹی جمع کرائے گا۔
4) کامیاب بولی دہندہ ہر ماہ کرایہ کی ایڈوانس ادائیگی کرے گا۔
5) مذکورہ شاپس دفتری اوقات کار کے دوران ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
6) مذکورہ بک شاپس پر کتابوں اور اسٹیشنری وغیرہ کی خرید وفروخت ہی کی جاسکے گی۔
7) کامیاب بولی دہندہ سے باضابطہ شرائط و ضوابط پر مشتمل تحریری معاہدہ کیا جائے گا۔
8) بولی دہندہ اپنی پیشکش منسلک پر فارمے میں درج کرکے مورخہ 23 جنوری 2024 بوقت دن 11:00 بجے تک سیکرٹری آفس، این بی ایف، صدر دفتر G-8/4، اسلام آباد کے پاس سربمہر لفافے (Sealed Envelope) میں جمع کروادیں۔ جوکہ اسی دن 11:30 بجے بولی دہندہ کے روبرو کھولے جائیں گئے۔
9) مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد کوئی پیشکش قابل قبول نہیں ہوگی۔
10) ٹینڈر کے ساتھ بولی دہندہ کے شناختی کارڈ کی کاپی اور اصل ٹینڈر فیس کی رسید منسلک کرنا ضروری ہے۔
11) ایسی پارٹیاں جن کی پہلے سے ہی شہر کتاب میں بک شاپس ہیں وہ اس ٹینڈر میں شمولیت اختیار نہیں کرسکتیں۔
12) ایسی پارٹیاں جو کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ ہوئی ہوں یا کسی یونین کی سرگرمیوں میں ملوث ہوں یا کسی بھی قسم کی Litigation میں ملوث ہوں وہ ٹینڈر میں شمولیت کی کسی بھی صورت میں اہل نہیں ہوں گے۔
13) مناسب کرائے کی پیشکش موصول نہ ہونے پر این بی ایف ٹینڈر منسوخ کرنے کا اختیار محفوظ رکھتا ہے۔
14) ٹینڈر ڈاکومنٹس کے ساتھ مبلغ 10،000 روپے کا بینک ڈرافٹ/پے آرڈر بطور سیکورٹی جمع کرانے ہوں گے علاوہ کرایہ ایڈوانس۔
15) کامیاب بولی دہندگان دوکان کے اوقات کار، این بی ایف کے طے شدہ اوقات کار میں کھولنے کا پابند ہوگا جو صبح 09:00 بجے سے رات 10:00 بجے تک ہوگا اور یہ تحریری معاہد میں شامل ہوگا۔
16) اس کے علاوہ دوسرے شرائط و ضوابط بذریعہ ایگریمنٹ کامیاب بولی دہندہ سے طے کیے جائیں گے۔

پیشکش پر فارمہ برائے کرایہ داری

نمبر شمار	کوائف	ریمارکس
.1	بولی دہندہ کا نام	
.2	شناختی کارڈ نمبر	
.3	موجودہ پتہ	
.4	موبائل/فون نمبر	
.5	پیشکش ماہانہ کرایہ	
.6	بینک ڈرافٹ نمبر اور رقم	

____

دستخط بولی دہندہ

نیشنل بک فاؤنڈیشن
وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

پیشکشوں کی طلبی
ٹینڈر نمبر۔HSF-47
(ٹینڈر نوٹس)

نیشنل بک فاؤنڈیشن نے اپنے پلاٹ واقع ایف سیون مرکز، اسلام آباد میں "شہر کتاب" کے نام سے کتاب کلچر و عادات مطالعہ کے فروغ کے لئے قائم کیا ہے جہاں مختلف بک اسٹالز بنائے گئے ہیں۔ اس شہر کتاب میں آنے والے شائقین کتب اور عام قارئین کو رعایتی نرخوں پر کتابیں و اسٹیشنری وغیرہ فروخت کی جاتی ہیں۔ اس شہر کتاب میں 08 عدد بک شاپس نمبر 3,4,6,7,16,17,18,19 عرصہ تین سال کے لئے کرایہ پر دستیاب ہیں

2. بولی دہندہ اپنی سر بمہر پیشکشیں 10,000 روپے (قابل واپسی) زرِ بیعانہ Pay Order یا Demand Draft بنام نیشنل بک فاؤنڈیشن کے ہمراہ مورخہ 23 جنوری، 2024ء کو صبح 11:00 بجے تک زیر دستخطی کے پاس پہنچ جانے چاہیے جو اسی روز صبح 11:30 بجے کھولے جائیں گے۔ مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد کوئی پیشکش قابلِ قبول نہیں ہوگی۔ ٹینڈر کے ساتھ بولی دہندہ کے شناختی کارڈ کی کاپی اور اصل ٹینڈر فیس کی رسید منسلک کرنا ضروری ہے۔

3. ایسی پارٹیاں جو کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ ہوئی ہوں یا کسی یونین کی سرگرمیوں میں ملوث ہوں یا کسی بھی قسم کی Litigation میں ملوث ہوں وہ ٹینڈر میں شمولیت کی کسی بھی صورت میں اہل نہیں ہوں گی اور اس سلسلے میں اپنی کمپنی کی طرف سے بیانِ حلفی بھی دیں گی۔

4. محکمہ PPRA رولز کے تحت کسی پیشکش یا بولی کی منظوری سے قبل کسی بھی ٹینڈر کو کلی یا جزوی طور پر منظور یا منسوخ کرنے کا حق، محفوظ رکھتا ہے۔

5. **ٹینڈر دستاویزات بعوض مبلغ -/1000 روپے دفتر ہذا، زیر دستخطی سے وصول کیے جا سکتے ہیں۔**

(انعام اللہ خان)
اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن)، نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد
فون نمبر: 051-9261039